https://www.jmi.ac.in

# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

## پریس ریلیز

### جامعہ ملیہ اسلامیہ کی طالبہ سبیرا حارث نے اٹلی کے پیرازی کپ انٹرنیشنل شاٹ گن شوٹنگ مقابلے میں اول مقام حاصل کیا

New Delhi, August 14, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں بی بی اے کی طالبہ اور بین الاقوامی شوٹنگ کھلاڑی، سبیرا حارث نے اٹلی کے شہر لوناٹو میں تیئس تا چھبیس جولائی دو ہزار چھبیس کو منعقدہ بین الاقوامی شاٹ گن شوٹنگ مقابلے 'پیرازی کپ میں سینئر خواتین کے زمرے میں پہلی پوزیشن (دوسو میں سے ایک سو ستاسی پوائنٹس) حاصل کیے۔ یہ شاندار کامیابی جناب ریان رضوی کی کوچنگ اور رہنمائی سے ممکن ہوئی، جو جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سابق طالب علم اور خود بھی ایک بین الاقوامی شوٹنگ کھلاڑی ہیں۔

صبیرا اس وقت بھارت میں جونیئر زمرے میں سرفہرست ہیں اور بین الاقوامی شوٹنگ کے اعلیٰ ترین مقابلوں میں کئی ورلڈ چیمپئن شپ میں ملک کی نمائندگی کر چکی ہیں۔ ستمبر دو ہزار پچیس میں، انہوں نے قازقستان کے شہر شیمکینٹ میں منعقدہ ایشین شوٹنگ چیمپئن شپ میں انفرادی گولڈ میڈل جیت کر 'ایشین جونیئر چیمپئن' کا اعزاز حاصل کیا۔ اس کے علاوہ، انہوں نے پورپیٹو، اٹلی دو ہزار چوبیس، پیرو دو ہزار چوبیس اور قبرص میں سینئر ورلڈ چیمپئن شپ دو ہزار پچیس میں کانسی کے تمغے جبکہ جرمنی میں دو ہزار بائیس میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ اس سے قبل، انہوں نے قاہرہ، مصر میں جونیئر ورلڈ کپ میں حصہ لیا جہاں ایک سو پچیس میں سے ایک سو چھ کے اسکور کے ساتھ نویں نمبر پر رہیں اور 'شوٹ آف ' کے بعد فائنل میں جگہ بنانے سے معمولی فرق سے محروم رہ گئیں؛ اسی طرح جرمنی کے شہر سُہل میں منعقدہ ورلڈ چیمپئن شپ میں بھی وہ ایک سو پچیس میں سے ایک سو چودہ کے اسکور کے ساتھ نویں نمبر پر رہیں اور ایک بار پھر 'شوٹ آف' کی وجہ سے فائنل میں پہنچنے سے رہ گئیں۔

بطور ایتھلیٹ صبیرا کا سفر نظم وضبط، مستقل مزاجی، عزم واستقلال اور دباؤ کے باوجود بہترین کارکردگی دکھانے کی صلاحیت سے عبارت ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ وہ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں اپنی تعلیمی کارکردگی کو بھی بہترین سطح پر برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ فی الحال، وہ اٹلی کے شہر پورپیٹو میں ہونے والے ورلڈ کپ کی تیاری کر رہی ہیں، جو ستمبر دو ہزار چھبیس میں منعقد ہوگا۔ ان کا مقصد اپنی مہارتوں کو مزید نکھارنا، اعلیٰ ترین سطح پر مقابلہ کرنا اور فخر کے ساتھ ہندوستان کی نمائندگی کرنا ہے۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے سبیرا کی شاندار کامیابیوں پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی ایسے غیر معمولی اسپورٹنگ ٹیلنٹ کا گڑھ ہے جو عالمی سطح پر اعزازات حاصل کر رہے ہیں۔ پروفیسر آصف نے سبیرا کو ان کی نمایاں کامیابی پر مبارکباد دی اور مستقبل کے مقابلوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے رجسٹرار پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے بین الاقوامی سطح پر سیرا کی شاندار کامیابی کو سراہا۔ پروفیسر رضوی نے ان کے عزم اور غیر معمولی صلاحیت کا اعتراف کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ان کی اس اہم کامیابی نے یونیورسٹی کا نام روشن کیا ہے۔انہوں نے سیرا کی حوصلہ افزائی بھی کی اور ان کے آئندہ بین الاقوامی مقابلوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں کھیل کود کے اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر نفیس احمد نے بھی سیرا کو جامعہ کے لیے یہ اعزاز حاصل کرنے میں ان کے پرعزم اور مخلصانہ کردار پر مبارک باد دی اور انہیں ترغیب دی کہ وہ مستقبل میں بھی اپنے عزم اور مخلصانہ کوششوں کے ذریعے ملک اور ادارے کا نام روشن کرتی رہیں۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ